01

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ۔

اے میرے رب! جو بھی خیر تو مجھ پر نازل فرمائے،
میں اس کا محتاج ہوں۔

سورۃ القصص: 24

02

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ۔

اے میرے رب! مجھے اکیلا (بے اولاد) نہ چھوڑ
اور تو ہی بہترین وارث ہے۔

سورۃ الانبیاء : 89

03

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ۔

اے میرے رب ! بخش دے اور رحم فرما اور تو رحم کرنے والوں میں بہترین ہے۔

سورۃ المؤمنون :118

04

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَكَ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ۔

اے میرے رب! میرے لیے اپنے پاس
جنت میں ایک گھر بنا دے۔

سورۃ التّحریم : 11

05

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا۔

اے میرے رب! ان دونوں (والدین) پر رحم فرما،
جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا۔

سورۃ الاسراء :24

06

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ۔

اے میرے رب! فساد کرنے والی قوم کے
مقابلہ میں میری مدد فرما۔

سورۃ العنکبوت : 30

07

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ۝ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ۔

اے میرے رب! میں شیاطین کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے میرے رب! کہ وہ میرے پاس آئیں۔

سورۃ المؤمنون : 97-98

08

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ اَنۡ اَسۡـئَلَكَ مَا لَيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ
وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِىۡ وَتَرۡحَمۡنِىۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ۔

اے میرے رب! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ وہ چیز تجھ سے مانگوں جس کا مجھے علم نہیں اور اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور مجھ پر رحم نہ فرمایا تو میں خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔

سورۃ هود : 47

09

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ اجۡعَلۡنِیۡ مُقِیۡمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ ٭ۖ رَبَّنَا

وَ تَقَبَّلۡ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِیۡ وَ لِوَالِدَیَّ

وَ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ۔

اے میرے رب ! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا، اے ہمارے رب ! اور تو میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے رب ! مجھے اور میرے والدین کو اور سب ایمان والوں کو اُس دن بخش دینا جب حساب قائم ہو گا۔

سورۃ ابراھیم : 40-41

10

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ
صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝...
وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ۔

اے میرے رب ! مجھے قوتِ فیصلہ عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں سے ملا دے۔ اور بعد میں آنے والوں میں میری سچی ناموری باقی رکھ اور مجھے نعمتوں بھری جنت کے وارثوں میں سے بنا دے۔۔۔ اور مجھے رسوا نہ کرنا جس دن وہ (لوگ) اٹھائے جائیں گے۔

سورۃ الشعراء : 83-85،87

11

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما
اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے
عذاب سے بچا۔

سورۃ البقرۃ : 201

12

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا۔

اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر اور ہمارے لیے ہمارے معاملے میں بھلائی عطا فرما۔

سورۃ الکھف : 10

13

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ۔

اے ہمارے رب! تجھ پر ہم نے بھروسہ کیا
اور تیری طرف ہم نے رجوع کیا اور تیری ہی
طرف لوٹنا ہے۔

سورة الممتحنة : 04

14

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا
مَعَ الشَّاهِدِيْنَ۔

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے
نازل کیا اور ہم نے رسول کی پیروی کی، پس ہمیں
گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔

سورۃ اٰلِ عمران : 53

15

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ
شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔

اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل کر دے
اور ہماری بخشش فرما، بے شک تو ہر چیز پر قدرت
رکھنے والا ہے۔

سورۃ التحریم:08

16

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا۔

اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں (شوہروں) اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقین کا امام بنا۔

سورۃ الفرقان : 74

17

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ۔

اے ہمارے رب!

ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمیں مسلمان فوت کرنا۔

سورۃ الأعراف : 126

18

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّ ثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا
وَ انۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ۔

اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے
اور ہمارے قدم جما دے اور کافر قوم کے مقابلے میں
ہماری مدد فرما۔

سورۃ البقرۃ : 250

19

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝
وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

اے ہمارے رب!
ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا۔ اور اپنی رحمت
سے ہمیں کافر قوم سے نجات دے۔

سورۃ یونس : 85-86

20

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ
لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

اے ہمارے رب!
جب تو نے ہمیں ہدایت دے دی ہے تو ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر
اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر، بے شک تو بہت زیادہ عطا
کرنے والا ہے۔

سورۃ آلِ عمران : 08

21

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اے ہمارے رب!

بے شک ہم ایمان لائے، پس ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔

سورۃ آلِ عمران: 16

22

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا
وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ۔

اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کیا اور اگر تو نے
ہم سے درگزر نہ فرمایا اور ہم پر رحم نہ کیا تو یقیناً
ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

سورۃ الأعراف:23

23

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيْ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ
أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ۔

اے ہمارے رب!

ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارا معاملہ میں حد سے بڑھنا
بھی اور ہمارے قدم جما دے اور کافر قوم کے مقابلے
میں ہماری مدد فرما۔

سورۃ آلِ عمران : 147

24

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ
فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ۔

اے ہمارے رب!

ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں
بخش دے اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لیے کوئی بغض
نہ رکھ، اے ہمارے رب! بے شک تو بہت شفقت کرنے والا،
رحم کرنے والا ہے۔

سورۃ الحشر: 10

25

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِىْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ
رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ۔

اے ہمارے رب!

بے شک ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا جو ایمان کے لیے پکار رہا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ، تو ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! پس ہمارے گناہوں سے درگزر فرما اور ہماری برائیاں ہم سے دور کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ فوت کرنا۔

سورۃ آلِ عمران : 193

26

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا
يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔

اے ہمارے رب! اور ہمیں عطا فرما جس کا وعدہ تو نے
اپنے رسولوں کے ذریعے کیا اور ہمیں قیامت کے دن
رسوا نہ کرنا، بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف نہیں
کرتا۔

سورۃ آلِ عمران : 194

27

قرآنی مسنون دعائیں

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ اِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ۝

اے ہمارے رب! جہنم کے عذاب کو ہم سے پھیر لے،
بے شک اس کا عذاب تو جان کو لاگو ہے۔
بے شک وہ بہت برا ٹھکانہ اور مقام ہے۔

سورۃ الفرقان : 65-66

28

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ۝ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ۝
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ۝ يَفْقَهُوا قَوْلِي ۝

اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے۔ اور میرا کام
آسان کر دے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔
تاکہ وہ میری بات سمجھ سکیں۔

سورة طٰہٰ :25-28

29

قرآنی مسنون دعائیں

رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔

سورۃ طٰہٰ : 114

30

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

اے اللہ! مجھ سے آسان حساب لینا۔

مسند احمد

31

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا۔

اے اللہ! میرے نفس کو اسکا تقوٰی عطا کر اور اس کو پاک رکھ، تو ہی اس کو بہترین پاک کرنے والا ہے، تو ہی اس کا ولی اور مولیٰ ہے۔

صحیح مسلم

32

قرآنی مسنون دعائیں

(اَللّٰھُمَّ) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ۔

(اے اللہ) اے دلوں کو پھیرنے والے
میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔

سنن الترمذی

33

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ۔

اے اللہ ! دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دلوں
کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے۔

صحیح مسلم

34

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ الۡھُدٰی وَالتُّقٰی وَالۡعَفَافَ وَالۡغِنٰی۔

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ہدایت، تقوٰی، پاکدامنی اور بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔

صحیح مسلم

35

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا۔

اے اللہ! میرے نفس کو اسکا تقوٰی عطا کر اور اس کو پاک رکھ، تو ہی اس کو بہترین پاک کرنے والا ہے، تو ہی اس کا ولی اور مولٰی ہے۔

صحیح مسلم،

36

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں، پس پلک جھپکنے (ایک لمحے) کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر اور میرے سب حالات سنوار دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

سنن ابی داؤد

37

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا
وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق
اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

سنن ابن ماجہ،

38

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ۔

اے اللہ ! مجھے میری سمجھ بوجھ الہام کر دے،
اور مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا۔

سنن الترمذی،

39

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا۔

اے اللہ! مجھے فائدہ دے اس کے ساتھ جو تو نے مجھے سکھایا ہے اور مجھے سکھا جو میرے لیے فائدہ مند ہے اور میرے علم میں اضافہ فرما۔

سنن ابن ماجہ،

40

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِی ذَنْبِی وَوَسِّعْ لِی فِی دَارِی
وَبَارِكْ لِی فِی رِزْقِی۔

اے اللہ! میرا گناہ بخش دے، میرے گھر میں
وسعت فرما اور میرے رزق میں برکت عطا فرما۔

سنن الکبریٰ للنسائی،

41

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ۔

اے اللہ ! مجھ پر میرے بڑھاپے کے قریب اور میری عمر کے خاتمے تک اپنا رزق کشادہ رکھنا۔

صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ،

42

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ
بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

اے اللہ! میری کفایت کر اپنے حلال کے ساتھ،
اپنے حرام سے (بچا) اور مجھے اپنے فضل سے اپنے سوا
ہر کسی سے بے نیاز کر دے۔

سنن الترمذی،

43

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہُ سَھْلًا
وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَھْلًا اِذَا شِئْتَ۔

اے اللہ!

کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کر دے
اور جب تو چاہتا ہے، مشکل کو آسان کر دیتا ہے۔

صحیح ابن حبان،

44

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ
وَاَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ وَعَلَانِیَتَهٗ وَسِرَّهٗ۔

اے اللہ!
میرے سب گناہوں کو بخش دے تھوڑے ہوں
یا بہت، گزشتہ ہو یا موجودہ، کھلے ہوں یا چھپے۔

صحیح مسلم

45

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ مُنۡكَرَاتِ الۡاَخۡلَاقِ وَالۡاَعۡمَالِ وَالۡاَھۡوَاءِ۔

اے اللہ!

بے شک میں برے اخلاق ، برے اعمال اور بری خواہشات سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

سنن الترمذی،

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ
وَغَلَبَۃِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَاءِ۔

اے اللہ!
میں قرض کے غلبے، دشمن کے غلبے اور دشمنوں
کے خوش ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

سنن النسائی،

47

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ
وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ۔

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میں جانتے بوجھتے تیرے ساتھ شرک کروں اور میں بخشش مانگتا ہوں اس سے جو میں انجانے میں کروں۔

صحیح الجامع الصغیر و زیادتہ،

48

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡفَقۡرِ وَالۡقِلَّۃِ وَالذِّلَّۃِ
وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ اَنۡ اَظۡلِمَ اَوۡ اُظۡلَمَ۔

اے اللہ!

بے شک میں محتاجی، قلت اور ذلت سے تیری پناہ
چاہتا ہوں اور اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں
کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے۔

سنن أبي داود

49

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

اے اللہ!

سب کاموں میں ہمارا انجام اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔

مجمع الزوائد و منبع الفوائد،

50

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ جَھۡدِ الۡبَلَاءِ وَدَرَکِ الشَّقَاءِ وَسُوۡءِ الۡقَضَاءِ وَشَمَاتَۃِ الۡاَعۡدَاءِ۔

اے اللہ! بے شک میں سخت مشقت، بد بختی کے پالینے، بری تقدیر اور دشمنوں کے خوش ہونے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

صحیح البخاری

51

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ۔

اے اللہ! بے شک میں فکر و غم، عاجزی و سستی، بزدلی و بخل، قرض کے بوجھ اور لوگوں کے غلبے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

صحیح البخاری

52

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَائَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ۔

اے اللہ! بے شک میں تیری عطا کردہ نعمتوں کے زوال سے، تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے، تیری سزا کے اچانک وارِد ہو جانے سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

صحیح مسلم

53

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ
قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ
دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا۔

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے
اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور اس نفس سے جو سیر نہ
ہو اور اس دعا سے جو قبول نہ کی جائے۔

صحیح مسلم

54

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ یَوۡمِ السُّوۡءِ وَمِنۡ لَیۡلَةِ السُّوۡءِ وَمِنۡ سَاعَةِ السُّوۡءِ وَمِنۡ صَاحِبِ السُّوۡءِ وَمِنۡ جَارِ السُّوۡءِ فِیۡ دَارِ الۡمُقَامَةِ۔

اے اللہ! بے شک میں برے دن، بری رات، بری گھڑی، برے دوست اور قیام کی جگہ میں برے ہمسایہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

المعجم الکبیر للطبرانی

55

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ
وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ هَزْلِیْ
وَجِدِّیْ وَخَطَئِیْ وَعَمْدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ

اے اللہ! بخش دے میری خطا، میری جہالت، میرے کام میں میری زیادتی اور وہ جس کے بارے میں تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، اے اللہ! ہنسی مذاق میں، سنجیدگی میں، بھول کے اور جان کر کئے ہوئے میرے گناہ بخش دے اور یہ سب میرے اندر ہیں۔

صحیح البخاری

56

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَاءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْکَذِبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ۔

اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے، میرے عمل کو ریا و نمود سے، میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے پاک کر دے، بے شک تو آنکھوں کی خیانت اور سینوں کے چھپے ہوئے راز جانتا ہے۔

الدعوات الکبیر

57

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَآجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَآجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ۔

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے جلدی ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام بھلائیوں کا سوال کرتا ہوں، ان میں سے جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں جلدی ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام برائیوں سے جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا۔

سنن ابن ماجہ،

58

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ الۡجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیۡھَا مِنۡ
قَوۡلٍ اَوۡعَمَلٍ وَّاَعُوۡذُبِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَیۡھَا
مِنۡ قَوۡلٍ اَوۡعَمَلٍ وَاَسۡئَلُكَ اَنۡ تَجۡعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ
قَضَیۡتَهٗ لِیۡ خَیۡرًا۔

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں جنت کا اور ہر اس قول یا عمل کا جو اس (جنت) کے قریب کر دے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں آگ سے اور ہر اس قول یا عمل سے جو اس (آگ) کے قریب کر دے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہر فیصلے کو جو تو نے میرے لیے کرنا ہے میرے حق میں بہتر بنا دے۔

سنن ابن ماجہ،

59

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَالْھَدْمِ وَالْغَرَقِ
وَالْحَرِیْقِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ یَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ
عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِکَ
مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا۔

اے اللہ! بے شک میں گر کر مرنے، دب کر مرنے، ڈوب کر مرنے اور جل کر مرنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ موت کے وقت شیطان مجھے اچک لے، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ تیرے راستے میں پیٹھ پھیرتے ہوئے مارا جاؤں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میری موت (زہریلے جانور کے) ڈسنے سے واقع ہو۔

سنن النسائی،

60

قرآنی مسنون دعائیں

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ
وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ
آخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاۃَ زِیَادَۃً لِّیْ
فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ۔

اے اللہ! تو میرے دین کو سنوار دے جو میرے معاملہ کا محافظ ہے، میری دنیا سنوار دے جس میں میری معیشت ہے، میری آخرت سنوار دے جہاں میں نے لوٹنا ہے، میری زندگی کو ہر بھلائی میں اضافہ کا سبب اور موت کو ہر برائی سے راحت کا سبب بنا دے۔

صحیح مسلم،